© rasailojaraid.com

ہمارے زمانہ کی تعلیم یافتہ خواتین کے لیے بھی اس کتاب کا مطالعہ دیدۂ عبرت وبصیرت کے لیے سرمہ ثابت ہوگا۔ قیمت درج نہیں۔ صفحات ۷۶۔ کتابت طباعت عمدہ، کاغذ سفید۔ مکتبۂ جامعہ دہلی سے طلب کیجیے

رازونیاز ۔ از حبیب اشعر صاحب دہلوی سائز ۲۰×۳۰/۱۶ ضخامت تین جز کاغذ متوسط کتابت طباعت صاف اور عمدہ۔ قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ:۔ دائرۃ الادب محلہ رودگراں دہلی۔

حبیب اشعر صاحب دہلی کے نوجوان اور ہونہار شاعر ہیں۔ ان کے کلام میں جگر کی سی شوریدگی عشقیت اور جذب ومحویت کی کیفیات پائی جاتی ہیں "رازونیاز" کے نام سے انہوں نے اپنی غزلوں کا ایک مجموعہ شائع کیا ہے۔ اس مجموعہ میں بعض شعر بہت خوب ہیں اور جی چاہتا ہے کہ حبیب صاحب کے کمال فن کی داد دیجائے لیکن ہمیں ڈر ہے کہ وہ کہیں ہماری داد کو "شباب سے بھرپور" ہستی کی "چشم سحرکار" کی "افسوں طرازی" کی داد پر محمول کرکے اپنے لیے "رشک سے مر رہنے" کا سامان نہ کرلیں اور اس طرح "حسن" کا چرچا کرکے انہیں خود بخود پشیمان ہونا پڑے۔ بہرحال یہ مجموعۂ کلام توقع دلاتا ہے کہ اشعر صاحب میں "شاعر" بننے کے تمام امکانات موجود ہیں۔ اور اگر اُن کی مشق سخن اور "ذوق طلب" کا سلسلہ یونہی جاری رہا تو وہ ایک دن واقعی "حبیب اشعر" ہونگے۔

© rasailojaraid.com